**Series LRH/1**

Code No. **48/1/1**
کوڈ نمبر

Roll No. | | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **10** printed pages + **2** Maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **29** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m. the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer script during this period.

- جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات کی کُل تعداد 10 اور دو نقشے ہیں۔
- طالب علم کو پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر جواب کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- جانچ لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 29 ہے۔
- کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُس کا پرچہ کے مطابق سلسلہ نمبر جواب کاپی میں لکھ دیجئے۔
- پرچہ کے سوالات کو پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ دس بجکر 15 منٹ تک طلبا میں تقسیم کردیا جائے گا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ کے وقت میں طلبا پرچہ کے سوال پڑھ لیں۔ اس وقت کے دوران طلبا پرچہ کے سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کرسکتے۔

# SOCIAL SCIENCE

## سوشل سائنس

**(Urdu Version)**

*Time allowed : 3 hours ]* *[ Maximum marks : 80*

مقررہ وقت: 3 گھنٹہ کُل نمبر: 80

[P.T.O.

## عام ہدایات:

(i) کل انتیس (۲۹) سوال ہیں۔ تمام سوال لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کے نمبر اس کے مقابل درج ہیں۔

(iii) سوال نمبر 1 سے 10 تک 1 نمبر کے ہیں۔ ان کا جواب ایک لفظ سے لے کر ایک جملے تک ہو۔

(iv) سوال نمبر 11 سے 18 تک 3 نمبر کے ہیں۔ ان کا جواب 60-80 الفاظ میں ہونا چاہئے۔

(v) سوال نمبر 19 سے 28 تک 4 نمبر کے ہیں۔ اُن کا جواب 80-100 الفاظ میں ہونا چاہئے۔

(vi) سوال نمبر 29 نقشے کا ہے۔ نقشے کو اپنی جوابی کاپی کے اندر منسلک کیجیے۔

---

1- فرانسیسی انقلاب کے اعلان کو بیان کیجیے۔ 1

یا

ویتنام کو باقاعدہ آزادی کب حاصل ہوئی۔ 1

2- پہلا پرنٹنگ پریس کس نے ایجاد کیا؟ 1

یا

ناولوں کے سلسلے میں 1836 کا اہم واقعہ کیا تھا؟ 1

3 ۔ ابتدا کی بنیاد پر وسائل کو دو حصّوں میں تقسیم کیجئے۔ $\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=1$

4 ۔ خریف کی فصلوں کی بوائی کا موسم (وقت) بیان کیجئے۔ 1

5 ۔ راجستھان میں بارش کے پانی کو جمع کرنے کا روایتی طریقہ کار کیا ہے؟ 1

6 ۔ اس صنعت کا نام بتائیے۔ جو چُونا پتھر کا اِستعمال خاص طور سے اپنے کچے مال کی شکل میں اِستعمال کرتے ہیں۔ 1

7 ۔ یُونین فہرست میں شامل کوئی دو موضوع بتائیے۔ $\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=1$

8 ۔ وفاقیت (فیڈرالزم) کِسے کہتے ہیں۔ 1

9 ۔ عالمی ترقیاتی رپورٹ 2006 میں ملکوں کی درجہ بندی کے لئے کس کسوٹی کا استعمال کیا گیا ہے؟ 1

10 ۔ مارکیٹ میں ہماری حصّہ داری کن دو مختلف شکلوں میں ہوتی ہے؟ $\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=1$

11 ۔ نیپولین کوڈ ( Napoleonic Code ) کی کوئی تین خصوصیات بیان کیجئے۔ $3\times1=3$

یا

ویتنام میں فرانسیسی نوآبادیاتی حکمرانوں کے خلاف زندگی کے ہر مورچے پر ٹکراؤ کیوں شروع ہوا۔ 3

12- سول نافرمانی تحریک میں بیوپاریوں اور صنعتوں کے مالکوں کے رول کا تجزیہ کیجیے۔
3×1=3

13- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

"پرانے زمانے میں ہندوستان آنے والے بیرونی سیاح، آریا ونش کے لوگوں کی ہمت، سچائی اور انکساری پر حیرت کرتے تھے۔ آج یہ لوگ ان خصوصیات کے یکسر معدوم ہوجانے کی بات کرتے ہیں۔ ہندو اس زمانے میں تاتار، چین اور دوسرے ملکوں کو فتح کرنے اور وہاں اپنا پرچم لہرانے کے لئے جاتے تھے آج دور دراز کے ایک حقیر جزیرہ کے چند سپاہی سرزمین ہند پر حکومت کررہے ہیں۔"

تارنی چرن چٹوپادھیائے بھارت ورشیرا تہاس (بھارت ورش کی تاریخ) جلد ۱ 1858

(13.1) پرانے زمانے میں بیرونی سیاحوں نے آریا ونش کی جو خوبیاں بیان کی ہیں اُن کی تعریف بیان کیجیے

(13.2) ہندوستانیوں میں نیشنلزم کے تصور کے پھیلنے میں لوک کتھاؤں نے کس طرح مدد کی؟ وضاحت کیجیے۔

1+2=3

14- یورپ میں پرنٹ کلچر کی ترقی کس طرح ہوئی؟ وضاحت کیجیے۔ 3×1=3

[یا]

ابتدائی بنگالی ناولوں کی کوئی تینؔ خصوصیات بیان کیجیے۔ 3×1=3

15۔ سماجی تقسیم سیاست کو کِس طرح متاثر کرتی ہے، شمالی آئرلینڈ کی مثال دیتے ہوئے بیان کیجیے۔ 3

16۔ ذاتی تصور کی حکومت (notions of caste hierarchy) کے پُرانے تصور میں بدلاؤ لانے والے کوئی تینؔ عوامل بیان کیجیے۔ 3×1=3

17۔ نیچے دی گئی فہرست کے اعداد و شمار کو پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے:

| پنجاب، کیرل اور بہار پر کچھ تقابلی مواد | | | |
|---|---|---|---|
| ریاست | بچوں کی شرح اموات فی 1,000 (2003) | شرح خواندگی % (2001) | کلاس I تا V (1995-96) میں خالص حاضری تناسب |
| پنجاب | 49 | 70 | 81 |
| کیرل | 11 | 91 | 91 |
| بہار | 60 | 47 | 41 |

(17.1) کس ریاست میں بچوں کی شرح اموات سب سے زیادہ ہے۔

(17.2) اِس ریاست میں سب سے زیادہ شرح اموات کیوں ہے۔ دوؔ اسباب بتائیے۔ 1+2=3

نوٹ:

صرف نابینا طلباء کے لئے سوال نمبر 17 کے بجائے

نیچے دی گئی اصطلاحات کی تعریف لکھیے۔

(17.1) بچوں کی شرح اموات۔

(17.2) خواندگی شرح۔

(17.3) خالص حاضری تناسب۔ $3 \times 1 = 3$

18۔ بازار میں صارفین کے مفاد کے تحفظ کے لئے اصول و ضوابط کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟ $1\frac{1}{2} + 1\frac{1}{2} = 3$

دو اسباب بتاتے ہوئے سمجھائیے۔

19۔ انیسویں صدی کے آخر میں تجارت کے پھلنے پھولنے میں تکنالوجی کا رول بیان کیجیے۔ 4

یا

انیسویں صدی کے آغاز میں ہندوستانی کپڑا درآمد بازار کیوں گرا اور لوکل مارکیٹ کیوں سکڑنے لگی؟ وضاحت کیجیے۔ $2+2=4$

یا

جدید دورِ صنعت ( انڈسٹریلائزیشن ) نے انگلینڈ میں شہری فروغ کی ہیئت کو کس طرح بدل دیا۔ مثالیں دے کر واضح کیجیے۔ 4×1=4

20۔ ہندوستان میں جنگل کے وسائل کی بربادی کے کوئی چار اسباب کا تجزیہ کیجیے۔ 4×1=4

21۔ ہندوستان میں پانی کی کمی کے کوئی چار اسباب بیان کیجیے۔ 4×1=4

22۔ کاندلا بندرگاہ کی کوئی چار خصوصیات لکھیے۔ 4×1=4

23۔ سنہلی (Sinhala) اور تمل فرقوں کے درمیان بگڑتے رشتوں کے کوئی چار اسباب کا جائزہ لیجیے۔ 4×1=4

24۔ نیپال میں جمہوریت کے لیے تحریک کی کوئی چار خصوصیات مختصراً بیان کیجیے۔ 4×1=4

25۔ "جمہوری طرزِ حکومت، دوسری حکومتوں سے بہتر ہے۔"
اس قول کو ثابت کیجیے۔ 4

26۔ ہندوستان میں ثالثی شعبہ (Tertiary Sector) کی بڑھتی ہوئی اہمیت کے چار اسباب بتائیے۔ 4×1=4

27 - زر کے استعمال نے چیزوں کے مبادلے کو کس طرح آسان بنا دیا ہے؟ مثالیں دے کر بیان کیجئے۔ 4

28 - گلوبلائیزیشن کی عمل کاری میں تحریک پیدا کرنے میں ٹکنالوجی کے رول کی وضاحت کیجئے۔ 4

29 - دیئے گئے ہندوستان کے سیاسی خاکے پر 1 سے 6 خصوصیات دکھائی گئی ہیں۔ نیچے دی گئی معلومات کی مدد سے ان خصوصیات کو پہچانیئے اور ان کے صحیح نام نقشے پر کھینچی گئی لائنوں پر لکھئے:

(29.1) وہ جگہ جہاں گجرات میں کسان تحریک ہوئی۔

(29.2) وہ جگہ جہاں 1927 میں انڈین نیشنل کانگریس کا سیشن ہوا۔

(29.3) چائے کی پیداوار کرنے والا اہم صوبہ۔

(29.4) لوہا تیج کان۔

(29.5) کوئلے کی کان۔

(29.6) نیشنل ہائی وے (قومی شاہراہ) نمبر 7 کا آخری سرے کا اسٹیشن۔

6×1=6

یا

ہندوستان کے دیئے گئے سیاسی خاکے پر مندرجہ ذیل کی تلاش کیجئے اور ان کے نام لکھئے :

(29.1) چوری - چورا -

(29.2) امرتسر -

(29.3) ٹنگ بھدرا باندھ -

(29.4) ٹالچر تھرمل پاور اسٹیشن -

(29.5) اندور سافٹ ویر ٹکنالوجی پارک -

(29.6) کاندلا بندرگاہ - $6\times1=6$

نوٹ :-

نیچے دیئے گئے سوال صرف نابینا طلباء کے لئے سوال نمبر 29 کے بجائے -

(29.1) اس جگہ کا نام بتایئے جہاں گجرات میں کسان تحریک شروع ہوئی -

(29.2) اس جگہ کا نام لکھئے۔ جہاں 1927 میں انڈین نیشنل کانگریس کا سیشن ہوا۔

(29.3) ہندوستان میں چائے پیدا کرنے والی اہم ریاست کونسی ہے؟

(29.4) ٹنگ بھدرا باندھ کس ندی پر بنا ہے؟۔


(29.5) راجستھان میں سافٹ ویر ٹکنالوجی پارک کہاں واقع ہے۔

(29.6) تمل ناڈو میں واقع نیوکلیائی پاور پلانٹ کا نام بتائیے۔

6×1=6

---


Q. No. 29 سوال نمبر




Cut Here ---- यहाँ से काटें

Q. No. 29 سوال نمبر

ہندوستان کا سیاسی خاکہ **Outline Map of India (Political)**



यहाँ से काटें - - - Cut Here - - - यहाँ से काटें